سوال

(299)امام اگر قراءۃ میں بھول جائے تو اسے لقمہ دینا جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر امام قرأۃ میں بھول جائے تو اسے لقمہ دینا جائز ہے یا نہیں؟ احناف کہتے ہیں اگر امام تین آیت سے آگے بڑھ جائے تو لقمہ دینا جائز نہیں۔ اگر امام لقمہ لے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کو لقمہ دینا جائز ہے احناف کا یہ قول شرح وقایہ میں ہے بلا دلیل ہے اس کے لیے قابل قبول نہیں۔ ابو داؤد میں لقمہ دینے کے متعلق کئی حدیثیں موجود ہیں جس کے تحت صاحب عون المعبود نے بالتحقیق یہ ثابت کیا ہے کہ لقمہ دینا احادیث صحیحہ سے ثابت ہے اور ممانعت کی کوئی روایت بھی نہیں۔

(اہل حدیث سوہدرہ جلد نمبر ۵ شمارہ نمبر ۴۸)

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02

محدث فتویٰ